جناب محمد محسن صدیقی: جی، میں ابھی اپنی گزارشات ختم کئے دیتا ہوں۔۔۔ اور ان کے لئے جب پورے پنجاب کی طرف سے ایک offer موجود ہے اور خود پچھلی گورنمنٹ نے یہی فیصلہ کیا تھا کہ انہیں لاہور لایا جائے گا اور رابطہ کے فنڈز سے ان کے لئے مکان بنائے جائیں گے ان کے لئے کارخانے بنائے جائیں گے اتو اس سے ہمارے دوستوں کو کیا تکلیف ہے۔ اور یہ کس طریقے سے تکلیف کا باعث ہیں۔

جناب والا! جیسے کہ میرے دوست طارق چوہدری صاحب نے کہا کہ کراچی میں ۸/۹ لاکھ illegal immigrant ہیں، میں بڑا خوش ہوتا کہ اگر میرے بھائی جتوئی صاحب یا قاضی صاحب، یا ہمارے بجارانی صاحب ان کے خلاف ایک آواز بلند کرتے، ہم ان کے ساتھ ہم آواز ہوتے، ہم کہتے کہ ہم آپ کے ساتھ ہیں۔

(Interruption)

Mr. Deputy Chairman: No cross talk please. Mohsin Sahib please wind up.

جناب محمد محسن صدیقی: میں جناب وائنڈ اپ کر رہا ہوں۔

پھر جناب بحرانی صاحب نے ایک عجیب دلچسپ بات کہی کہ وہاں اب بھی لوگ اپنے آپ کو "لکھنوی"، "دہلوی" کہتے ہیں۔ ارے بھائی یہ تو اسلام میں ہے کہ آپ فرقے یا مقام سے پہچانے جائیں گے۔ مگر اس سے آپ کی قومیت پر فرق نہیں پڑتا ہے آپ کسی کسی قبیلے سے اپنے آپ کو منسوب کرتے ہیں جیسے میں صدیقی کہتا ہوں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: محسن صاحب ختم کرنے کی کوشش کیجئے۔

جناب محمد محسن صدیقی: یا ان ناموں سے کوئی بدگمانیاں آپس میں پیدا نہیں کرنی چاہئیں ہم سب مسلمان ہیں ہم نے اسی اسلام کی بنیاد پر یہ ملک بنایا ہے۔ بنیاد کی یہ خشت اول ہے یہ پہلی اینٹ ہے پاکستان کی اگر آپ نے خدانخواستہ اس کو ہلایا تو پاکستان قائم نہیں رہے گا میرے دوست جنہیں آپ بہاری کے نام سے ذلیل کرنا چاہتے ہیں یہ وہ پاکستانی ہیں یہ وہ جانباز پاکستانی ہیں جنہوں نے وہاں بنگلہ دیش میں رہ کر بھارتی فوج کے ساتھ جنگ کی۔ یہ وہ لوگ ہیں جنہوں نے پاکستان کے لئے اپنے جان و مال کی قربانی دی یہ وہ لوگ ہیں جو تین مرتبہ تباہ ہو چکے ہیں اور یہ آج بھی اس امید پر بیٹھے ہیں۔ آج بھی آسمان کی طرف ان کی آنکھیں لگی ہوئی ہیں دست بدعا ہیں کہ ہمیں کسی طریقے سے اس سرزمین پر۔ جس کے لئے ہم نے سب قربانیاں دی ہیں واپس بلایا جائے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: شکریہ جی محسن صدیقی صاحب۔ جناب مظہر علی صاحب۔

سید مظہر علی: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب چیئرمین! میں آپ کا مشکور ہوں کہ آپ نے مجھے اس اہم قومی امور پر اظہار خیال کا موقع دیا ہے۔ یہ مسئلہ تو پوری قوم کا ہے لیکن سندھ کا اور کراچی کا اس سے ذرا زیادہ تعلق ہے اس مناسبت سے میں آپ سے درخواست کروں گا کہ مجھے تھوڑا سا زیادہ وقت عطا فرمائیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : یہ میرے ہاتھ میں تو نہیں ہے۔ ایوان کے اراکین کر سکتے ہیں۔ ٹھیک ہے۔

سید مظفر علی : جناب والا! یہ مسئلہ موجودہ حکومت کو ورثے میں ملا ہے۔ یہ ان کی غلطی نہیں ہے۔ یہ نئی حکومت ہے۔ ہمیں اسے سیاسی مسئلہ نہیں بنانا چاہیئے بلکہ انسانی بنیادوں پر حل کرنا چاہیئے اور اسے انسانی بنیادوں پر حل کرنے کیلئے ہمیں اپنے سندھی بھائیوں کے خدشات اور شکوک و شبہات کو دور کرنا چاہیئے۔ یہ نہایت ضروری چیز ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ ہم ان کے ساتھ رہتے ہیں اور ایک کشتی میں سوار ہیں۔ ہمارا جینا مرنا ان کے ساتھ ہے ہمیں ان کو ساتھ لے کر چلنا پڑے گا۔ میں نے بہت غور سے اپنے سندھی بھائیوں کے خیالات اور دلائل سنے اور مجھے ان کے نیک نیتی پر مبنی ہونے میں کوئی شبہ نہیں ہے یہ اور بات ہے کہ جو حقائق ان تک پہنچے ہیں وہ شاید حقیقت کے اتنے قریب نہ ہوں اور شاید کبھی نعرہ لگ گیا ہو اور اس نعرہ کو adopt کر لیا گیا ہو۔ جو مجھے اندازہ ہوا ہے اپنے بھائیوں کی تقاریر سے وہ یہ ہے کہ دراصل مسئلہ stranded Pakistanis کا نہیں ہے۔ مسئلہ یہ ہے کہ چالیس سال پہلے جب ہم لوگ آئے تھے اور سندھی بھائیوں نے ہم پر مہربانی کی تھی کچھ ایسی چیزیں اس عرصے میں ہوئی ہیں کہ وہ آج ہم سے ناراض ہیں۔ بڑی خوشی کی بات ہے کہ جو دلوں میں باتیں ہیں وہ باہر آئی ہیں اور ہمیں ان مسائل کو حل کرنا ہے۔ سینیٹ محبت کا منبع ہے۔ یہاں بیٹھ کر ہم مسئلوں کو حل کریں گے۔ سندھ کے لوگ اعلیٰ ظرف اور بلند حوصلہ ہیں انہوں نے چالیس سال پہلے ہمیں اپنے گھروں میں پناہ دی تھی۔ ان کا ہم پر احسان ہے۔ لیکن آج وہ ہم پر کتنے ناراض ہیں۔ ان کو لاکھوں ایرانی افغانی برمی سیلونی اور خصوصاً پانچ لاکھ بنگالیوں کی کراچی میں آمد پر اتنا اعتراض نہیں ہوا۔ لیکن محصورین بنگلہ دیش کے سندھ تو کجا پنجاب آنے پر سخت اعتراض ہے۔ میرے بھائیوں نے کچھ چیزیں اپنی تقاریر میں کہی تھیں۔ میں کوشش کروں گا کہ ان کا کچھ جواب دے سکوں۔

سب سے بڑا مسئلہ تھا سندھی کلچر کا ختم ہونا اور نئے سندھیوں کا سندھی کا زبان کا نہ سیکھنا۔ کلچر ایک جامد چیز نہیں ہے۔ یہ وقت کے ساتھ آہستگی سے بدلتا ہے۔ ہمارے آنے سے پہلے عرب بلوچ افغان پٹھان پنجابی آکر اندرون سندھ آباد ہوئے۔ انہوں نے آہستہ آہستہ سندھی کلچر اپنایا اور مگر ساتھ ساتھ تھوڑا سا ان میں فرق بھی قائم رہا آج بھی بہت سے علاقوں میں سرائیکی زبان بولی جاتی ہے۔ بہت افغان گھرانوں میں کافی دن پہلے تک فارسی اور پشتو بولی جاتی تھی اگرچہ آج وہ ایک ہوگئے ہیں مگر تھوڑا بہت ان میں فرق ہے اور ایک اور بھی بات ہے کہ سندھ کی جو صورت حال ہے وہ ایک اندرون سندھ کا علاقہ ہے اور ایک کراچی شہر ہے جس میں تقسیم ہند سے پہلے بھی۔ بوہرے، میمن، خوجے، پارسی، گوانی، کچھی، مکرانی، ایرانی، افغانی پٹھان اور پنجابی بستے تھے ان کا کلچر اتنا سندھی بھائیوں کے قریب نہیں آسکا بہ نسبت ان لوگوں کے کہ جو اندرون سندھ رہتے تھے۔ یہی صورت حال آج بھی ہے جو مہاجرین اندرون سندھ رہ رہے ہیں انہوں نے زبان بھی سیکھی ہے آپس میں رابطے قائم ہوئے ہیں شادی بیاہ ہوئے ہیں مگر جو کراچی میں ہیں ان کو چونکہ اتنا موقع نہیں ملتا تو وہاں پر اتنا ربط نہیں بڑھتا اتنا میل جول وہاں نہیں ہوتا مگر اس کے باوجود کلچر تبدیل ہو رہا ہے مہاجرین کا سندھیوں پر اور سندھیوں کا مہاجرین پر اثر ہو رہا ہے اور اس کا بڑا اچھا مظاہرہ جناب بجارانی صاحب اور جناب جتوئی صاحب کی اردو میں تقاریر تھیں جو میری تقریر سے بہت بہتر ہیں جب دو دریا آپس میں ملتے ہیں ان کے مختلف رنگ ہوتے ہیں وہ تھوڑی دور ساتھ مختلف رنگوں سے چلتے ہیں آہستہ آہستہ ملنا شروع کرتے ہیں اور تھوڑی دور جاکر وہ ایک ہو جاتے ہیں اسی طریقے سے انشاءاللہ تعالیٰ سندھ صوبے میں بھی ہوگا کہ ہم لوگ جو وہاں آئے ہیں دوسروں کی طرح سندھی بھائیوں سے انشاءاللہ تعالیٰ اسی طریقے سے مل جائیں گے اور افہام و تفہیم کے ذریعے اس مسئلے کو حل کر لیں گے۔

اس کے علاوہ جو اور بہت سے مسئلے ہیں جس کی وجہ سے سندھ میں حالات خراب ہیں اور بد سے بدتر چلے جا رہے ہیں ہمیں حل جل کر ان مسئلوں کو بھی

[Syed Mahzar Ali]

حل کرنا ہے۔۔ ایک بات یہ کہی گئی کہ چالیس سال کے بعد بھی ہم اپنے آپ کو مہاجرین کہلوا رہے ہیں اور لکھنوی اور دہلوی لکھتے ہیں۔ تو جناب اس سلسلے میں میں آپ سے عرض کروں گا کہ صدیقی عثمانی فاروقی اور انصاری کا تو عرب سے رشتہ ہے وہ بھی آج تک استعمال ہو رہے ہیں تو اس میں ایسی کوئی بات نہیں جیسے محسن صدیقی صاحب نے فرمایا تھا آج بھی کراچی میں لوگ اپنے آپکو تبریزی کہتے ہیں پٹھان بھی کہتے ہیں درانی عراقی مکرانی ایرانی کہتے ہیں یہ اپنی شناخت کے لئے ہے اگر مہاجرین اپنے آپ کو مہاجر کہتے ہیں تو کسی بری نیت سے نہیں کہتے صرف شناخت کے لئے کہتے ہیں کہ یہ مہاجرین وہ ہیں جو سندھ میں آباد ہیں اور انشاءاللہ تعالیٰ یہ بھی وقت کے ساتھ ساتھ فرق کم ہوتا جائے گا ایک بات جتوئی صاحب نے فرمائی تھی کہ کراچی میں سندھی لڑکوں کے ساتھ برا سلوک کیا جاتا ہے اور شاہ جو رسالو کی بے حرمتی کی گئی تھی۔ میں سمجھتا ہوں اس واقعہ کی مذمت کرنی چاہیئے اور جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے مگر ساتھ ساتھ اس بات کا بھی خیال کرنا چاہیئے کہ اندرون سندھ میں بھی کچھ اس قسم کے واقعات نے سندھیوں کے ساتھ ہوئے ہیں میں سمجھتا ہوں ہمارے سندھی بھائیوں کو ان کی بھی مذمت کرنی چاہیئے اور بعض جگہ پاکستانی جھنڈا جلانے کے واقعات بھی سامنے آئے ہیں میں سمجھتا ہوں کہ اس کی مذمت ہم سب کو مل کر کرنی چاہیئے۔ ہم یہاں سے کچھ سینیٹرز (جب یہ تحریک پیش ہوئی سینیٹ میں) تو بنگلہ دیش میں گئے اور وہاں انہوں نے کیمپس کی حالت زار دیکھی جناب عالی! میرا خیال تھا کہ شاید وہ جانوروں کی طرح رہ رہے ہیں مگر نہیں وہ جانوروں کی طرح نہیں بلکہ کیڑے مکوڑوں کی سی زندگی گزار رہے ہیں۔ غربت بھوک بیماری بیچارگی اور اس تین سیر آٹے کا انتظار کہ جس پر پورا مہینہ گزارنا ہے مائیں اپنے بلکتے ہوئے بچوں کو دیکھتی ہیں نوجوان نیم برہنہ سہمی ہوئی لڑکیاں اغوا کے ڈر سے گھروں میں بیٹھی رہتی ہیں بے نور آنکھوں والے بچے اور پتھرائی ہوئی آنکھوں والے بوڑھے ہم سے انصاف مانگ رہے ہیں۔

جناب عالی! پاکستان آنے کے انتظار میں ان کی ایک نسل ختم ہو گئی۔ ان کی جگہ صحت بیتیں

اور ذلتیں برداشت کرنے کے لئے اب دوسری نسل نے لی ہے۔ محصورین کو کس بات کی سزا مل رہی ہے۔ کیا وطن کا دفاع جرم ہے کیا ملک کے لئے جانوں کی قربانی دینا جرم ہے کیا اپنے جھنڈے کو سربلند رکھنا جرم ہے۔ کیا پاکستان کا نام لینا جرم ہے۔ کیا ہم مستقبل کے سرفروشوں کو یہ بتانا چاہتے ہیں کہ وطن عزیز کے لئے قربانی دینے والوں کا حشر یہ ہوتا ہے اور صرف ان کو ہی سزا نہیں ملتی ان کی ایک نسل کو سزا نہیں ملتی نسل در نسل سزا ملتی ہے ۔ محصورین کے ایک تھکے ہوئے بزرگ لیڈر نے جس کی سفید ڈاڑھی آنسوؤں سے تر تھی انہوں نے ہمارے وفد سے کہا کہ اگر آپ نے حق کے لئے آواز بلند نہ کی تو خدا کی قسم میں حشر کے دن آپ کا دامن پکڑوں گا ۔

الحمدللہ ہم سب مسلمان ہیں اور روز حشر پر ایمان رکھتے ہیں ۔ مجھے یقین کامل ہے کہ ہم افہام و تفہیم سے اس مسئلے کو حل کر کے حشر کے دن اپنے دامنوں کو بچا لیں گے اور محصورین کے عذاب کو ختم کرنے کے لئے جلد اقدامات کریں گے۔ میرے دوست بھائی اور قابل احترام بزرگ سینیٹر جناب قاضی صاحب نے کچھ facts and figures دیئے تھے میں بڑی قدر کرتا ہوں ان کے facts and figures کی میں آنکھوں مان لیا کرتا تھا مگر اس دفعہ میں نے ذرا اس پر غور کیا آپ نے فرمایا تھا کہ پانچ سو ملین ڈالرز لگیں گے ان کو ٹرانسپورٹ کرنے میں اڑھائی لاکھ محصورین کو پانچ سو ملین ڈالر ایک ہزار کروڑ ہوتے ہیں ۔ اگر اڑھائی لاکھ کو تقسیم کیا جائے تو چالیس ہزار روپیہ فی آدمی آتا ہے جب میں سمجھتا ہوں کہ دو ہزار روپے سے زیادہ نہیں ہوگا اسی طریقے سے وہاں جو خاندان ہیں وہ ۴۰ سے ۵۰ ہزار ہیں اگر دو ہزار کروڑ کو اس سے تقسیم کریں تو چار لاکھ روپے قاضی صاحب کے مطابق ان کی آباد کاری پر خرچ ہوگا میرا تھوڑا سا کنسٹرکشن سے اور ڈیویلپمنٹ سے تعلق ہے میں نے بھی کچھ تھوڑا بہت حساب لگایا ہے میرے خیال میں ان کی جو ٹرانسپورٹیشن کاسٹ ہے وہ کل پچاس کروڑ آئے گی ہاؤسنگ کاسٹ دو سو کروڑ اور سپورٹ پچاس کروڑ تو ان کو زیادہ سے زیادہ تین سو کروڑ روپے کی ضرورت ہوگی اب آپ jobs پر آئیے اور اس کو بھی اگر آپ چار سال میں کریں۔ چار سال میں کرنے کا مطلب یہ ہوا کہ پانچ سے چھ ہزار

[Syed Mahzar Ali]

ایک مہینے میں دیئے جائیں ایک مہینے میں تو یہ اڑھائی لاکھ بڑی آسانی سے آ سکتے ہیں اور اسی طریقہ سے آپ کا جو خرچ ہے ساٹھ ، ستر کروڑ فی سال سے زیادہ نہیں ہو گا جس میں سے تیس کروڑ آچکا ہے اور باقی بھی انشاءاللہ رابطہ عالم اسلام کے ذریعے آجائے گا ، آپ اب jobs کو لیجئے یہ بات کہی گئی تھی کہ ہمارے ہاں نوکریوں کی کمی ہے اس سے پریشر بڑھے گا پچاس ہزار خاندانوں میں پچاس ہزار jobs کی ضرورت پڑے گی اگر چار سال میں یہ لوگ آتے ہیں تو اس کا مطلب ہے کہ بارہ ہزار ایک سال میں ایک ہزار ایک مہینے میں اور اگر آپ ان کو پاکستان کے چار شہروں میں تقسیم کر دیں تو صرف اڑھائی سو نوکریاں فی شہر فی مہینہ چاہیئے ہوں گی یہ کوئی ایسی چیز نہیں ہے کہ اس کا حل نہ ہو سکے اگر مسئلے کو حل کرنا چاہیں تو مسئلہ حل ہو سکتا ہے اور یہ مسئلہ شکوک اور شبہات کو دور کرکے فاصلے کم کرکے معیبتوں کو ختم کرکے حل ہو سکتا ہے اس کا حل افہام و تفہیم میں اور محبت کے رشتے دوبارہ استوار کرنے میں ہے اس کا حل جناب عالی شاہ عبداللطیف بھٹائی صاحب کے اشعار میں ہے جو میں آپ کی خدمت میں پیش کروں گا (شعر سندھی میں) یعنی وہ محبت میں منگ قطاروں میں اڑ رہے ہیں دیکھو پرندے انسانوں سے زیادہ محبت سے سرشار ہیں۔

(سندھی میں شعر)

یعنی وہ اگر تم کو برا کہیں تم جواب نہ دو جو پہل کرتا ہے وہ خطاوار ہوتا ہے دامن میں بغض رکھنے والا کچھ نہیں پاتا مزید فرماتے ہیں۔

(سندھی میں شعر)

یعنی چھریاں کاٹیں سب کو ، چھریوں کو کاٹے کون ، دل سے بیر نکال دے تو چھریاں سب کٹ جائیں۔

(سندھی میں شعر)

اس کا ترجمہ یہ ہے کہ کمان کے تیر سے مجھے نہ مار مجھ میں تو تو ہی ہے کہیں تیر تجھے نہ لگ جائے۔

جناب والا ! اگر افہام و تفہیم سے ہمارے یہ برادرانہ جذبات استوار ہو جائیں گے میں آپ اور آپ

میں ہو جائیں گے تو اقلیت کا، اکثریت کا، شکوک کا اور شبہات کا کوئی امکان نہیں ہوگا اس وقت سندھ میں صورت حال یہ ہے کہ ان حالات کی وجہ سے ایک خطرناک چکر ہو گیا ہے۔ سندھ میں jobs نہ ہونے کی وجہ سے نوجوان ناراض ہیں کراچی شہر میں نوجوان ناراض ہیں jobs نہ ہونے کی وجہ سے حالات خراب ہو رہے ہیں، حالات خراب ہونے سے جو صنعتکار ہیں وہ صنعتیں نہیں لگا رہے جس کی وجہ سے jobs اور کم ہو رہے ہیں تو یہ صورت حال کسی کے لئے بھی اچھی نہیں ہے اگر ہم محبت سے، افہام و تفہیم سے، صبر و تحمل سے روٹی کی تقسیم پر جھگڑنے کی بجائے کوشش کریں کہ پیداوار بڑھے تو اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے اتنا کچھ اس ملک میں ہے کہ کوئی جھگڑا نہیں رہے گا کوشش کریں کہ پیداوار بڑھے اور آخر میں میں پھر عرض کروں گا کہ یہ مسئلہ ہمیں حل جل کر جو ہمارے رہتے ہوئے بھائی ہیں ان کو منا کر حل ہو گا کیونکہ ہمیں ان کے ساتھ رہنا ہے ہمیں ان کے ساتھ جینا ہے ہمیں ان کے ساتھ مرنا ہے، بہت بہت شکریہ جناب والا!

جناب ڈپٹی چیئرمین: شکریہ جناب صوبیدار مندوخیل۔

جناب صوبیدار خان مندوخیل: بسم اللہ الرحمن الرحیم، جناب چیئرمین! میں شکر گزار ہوں کہ آپ نے ہمیں ایک قومی مسئلے پر بولنے کی دعوت دی ہے جناب یہ مسئلہ واحد سندھ کا نہیں ہے، ہمارے پورے پاکستان کا مسئلہ ہے ہم اخباروں میں پڑھتے تھے کہ بہاریوں کے لئے کیا تکلیف ہو رہی ہے بہاریوں پر کیا گزر رہی ہے ننگے ہیں، بھوکے ہیں کس حالت میں ہیں، جناب وہ صرف اخبار کی بیان تک تھا ہم چند معزز اراکین سینیٹ وہاں بنگلہ دیش گئے ہم نے اپنی آنکھوں سے دیکھا آپ یقین کریں کہ ہم نے ان کی جو حالت دیکھی میں حقیقت بیان کرتا ہوں کہ ہمارے آنسو نہیں رکتے تھے ان کی ایسی افسوسناک حالت ہے کہ بنگلہ دیش میں بھی ان کی پذیرائی نہیں ہو رہی ہے اور ہمارے بھائی بھی کہتے ہیں کہ ان کو یہاں نہ لایا جائے جبکہ انہوں نے پاکستان کا جھنڈا اپنے کیمپوں میں گاڑھا ہوا ہے اور پاکستان کے جتنے بھی قومی دن ہیں وہ مناتے ہیں جناب ہمیں فخر کرنا چاہئے کہ پاکستان سے باہر بھی ہمارے مخلص دوست ہیں ہمیں سندھ کا بھی بڑا احساس ہے

[Mr. Subedar Khan Mandokhel]

ہمارے پنجاب سے بھی لوگ یہاں آئے مہاجر بھی انڈیا سے کراچی میں آکر آباد ہوئے لیکن ان کے متعلق بھی ہمیں سوچنا چاہیئے کہ آیا سندھ میں جو سندھی حضرات بس رہے ہیں وہ ایسا نہ ہو کہ مہمان کیا مہمان تو آ گئے اور میزبان چلے گئے اب پہنچے جناب ہمیں دیکھنا چاہیئے کہ آخر سندھیوں کے لئے بھی روزگار اور معاش کے مواقع ان کے ہاتھ سے نہ جائیں، ہم نے صرف اخباری بیان کی حد تک پڑھا تھا اگر ان کی حالت وہاں جا کر ہمارا کوئی معزز رکن دیکھے تو اسے معلوم ہو گا۔ کہ وہ لوگ کتنے قابل رحم ہیں میں یہ نہیں کہتا ہوں کہ ان کو سندھ میں لا کر بسا دیا جائے ہمارے معزز ممبر طارق چوہدری صاحب نے اپنے علاقے میں ان کو بسانے کی پیش کش کی ہے ہمارے پاکستان میں ہمارے پاس بہت وسائل ہیں جناب والا! ان کو ہم ہر جگہ بسا سکتے ہیں ہم وہاں گئے اور ان کی حالت دیکھی اور ان کا کام دیکھا وہ اتنے قابل لوگ ہیں جناب والا! کہ وہ ہمارے پاکستان کے لیے ایک سرمایہ ثابت ہوں گے ہمیں ان کو کوئی اخراجات دینے کی ضرورت نہیں پڑے گی وہ خود ہی اپنا کام کر لیں گے لیکن ہم ان کو جگہ دیں اور ان کو یہاں بسائیں جناب میں یہ بھی آپ کے توسط سے گزارش کروں گا کہ تقریباً گیارہ لاکھ غیر ملکی باشندے غیر قانونی طور پر کراچی میں آئے ہوئے ہیں جلدی سے حل کر کے ان کو نکال دیں تاکہ سندھ سے.... میں شروع سے بار بار کہہ رہا ہوں جناب اس سے یہ مطلب لیا گیا کہ میں صرف سندھ ہی کی بات کر رہا ہوں ہمارا پنجاب ہمارا صوبہ سرحد ہمارا بلوچستان ہم سب بھائی ہیں پہلے ہم مسلمان ہیں پھر ہم پاکستانی ہیں ہمیں یہ نہیں دیکھنا چاہیئے کہ یہ سندھی ہے یہ پٹھان ہے یہ بلوچ ہے یہ پنجابی ہے یہ بہاری ہے یہ کون ہے ہم ایک مسلمان قوم ہیں اور اس کے بعد ہم پاکستانی ہیں ہمارے معزز رکن بہرہ ور سعید صاحب نے فرمایا تھا کہ ان کو آباد کرنے کے لئے کافی ذرائع ہیں صرف کراچی ہی نہیں ہے آپ ان کو گوادر لے جا سکتے ہیں آپ ان کو پسنی لے جا سکتے ہیں بلوچستان بہت بڑا علاقہ ہے میں آپ سے یہ عرض کروں گا کہ بہاریوں نے یہاں تک کہا ہے کہ ہمیں آزاد کشمیر میں بسا دو جہاں بھی آپ چاہتے ہیں ہم وہاں جانے کے لئے تیار ہیں ہمارے پاس کافی مواقع ہیں میں آپ کو یقین سے کہہ سکتا ہوں انہوں نے وعدہ کیا ہے کہ جہاں بھی آپ ان کو بسائیں گے وہ

وہیں رہیں گے وہ کراچی نہیں جائیں گے ہم نے ان کو کراچی کے حالات بھی بتائے کہ وہاں کیا حالت ہے اور آپ کے آنے سے حالت کیا بگڑ سکتی ہے بے شک سندھی مہمان نواز قوم ہے اور انہوں نے بڑی فراخدلی سے سب کو دعوت دی اب اس دعوت کا مطلب یہ نہیں ہے کہ ہم ان کو گھر سے باہر نکالیں اور خود ہم گھر پر بسیں۔

جناب میں معزز اراکین سینیٹ سے گزارش کروں گا کہ یہ ایک ایسا مسئلہ ہے کہ اس کو اگر ہم نے صحیح طریقے سے ہینڈل نہ کیا مل کر بیٹھ کر جیسے ہماری عادت ہے روایت ہے یہ بڑا حساس مسئلہ ہے تو خدا نہ کرے اس سے حالات بگڑ جائیں گے جناب میرا یہ ہے ہمارے پاس عالمی ادارے ہیں ہمیں ان سے بھی رجوع کرنا چاہیے تاکہ ان کے ذریعے ان مصیبت زدہ لوگوں کو یہاں لانے میں مدد مل سکے اور میرے خیال میں پاکستان کو اتنا خرچ کرنے کی ضرورت نہیں پڑے گی آپ ہم سب ملکر ایک ہو کر ایک مسلمان ایک پاکستانی ہو کر جذباتی طریقے سے نہیں مسلمانی طریقے سے بھائی چارے کے طریقے سے اس مسئلے کو حل کر سکتے ہیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: صوبیدار صاحب دو منٹ رہ گئے ہیں

جناب صوبیدار خان مندوخیل۔ بہرحال جناب میں آپ سے گزارش کروں گا سندھ ایک حساس علاقہ ہے ہمیں ان کو گھر سے باہر نہیں نکالنا چاہیے ہمارے بہاری بھائیوں کو کہیں اور بسانا چاہیے میں آپ کو یہ تجویز بھی دیتا ہوں کہ آپ بہاریوں کے ساتھ یہ agreement کریں کہ جہاں آپ کو بسایا جائے وہاں سے آپ لوگوں نے سندھ نہیں جانا ہوگا ان کے ساتھ آپ agreement بھی کر سکتے ہیں ان کو آپ bound بھی کر سکتے ہیں لیکن خدارا میں آپ سے عرض کروں گا آپ ان کی حالت پر رحم کریں میں آپ کو حقیقت بتاتا ہوں ان کی جو نسل ہے وہ برباد اور ضائع ہو رہی ہے میں آپ کے توسط سے سب سے گزارش کروں گا ان کی نسل کے تباہ ہونے کا خطرہ ہے جو ہم نے ان کی حالت دیکھی اور جناب طارق صاحب نے ان کی زندگی کا بہت اچھا نقشہ پیش کیا ہے ہم لوگ وہاں گئے اور دیکھا آپ لوگ شاید ہم پر یقین نہ کریں ہم نے بھی پہلے اخباروں میں یہی پڑھا تھا لیکن وہ صرف ایک اخباری بیان تھا لیکن جب وہاں جا کر ان کی حالت دیکھی تو ہمیں یہ خدشہ پیدا ہوا کہ ان کی نسل میں تباہ نہ ہو جائے۔ میں

[Subedar Khan Mandokhel]

آخر میں اپنے معزز رکن بجارانی صاحب اور جتوئی صاحب سے گذارش کروں گا کہ وہ سب مل کر ان کو منانے کے لیے کوئی لائحہ عمل تیار کرلیں تاکہ انکی نسل بچ جائے۔ شکریہ!

جناب ڈپٹی چیئرمین: شکریہ جناب پیر سید عباس شاہ صاحب۔

سید عباس شاہ: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ آج ہم اس مسئلے پر بحث کر رہے ہیں جس کا فیصلہ سینیٹ نے دسمبر ۱۹۸۵ کو متفقہ طور پر بڑے زور شور اور بڑی محبتوں سے کیا تھا کیونکہ پارلیمنٹ کا کام ملک اور حکومت کو اپنی رائے دینا ہے اس پر عمل کرنا حکومتوں کا کام ہوتا ہے یہ فیصلہ کیا گیا کہ بنگلہ دیش میں جو پاکستانی رکے ہوئے ہیں ان کو جلد سے جلد پاکستان لایا جائے۔ جناب والا! آج اس ہاؤس میں جو بحث ہو رہی ہے ہمیں ان وجوہات کی طرف دیکھنا چاہیئے کہ تین سال بعد کیوں ہم میں سے بہت سے لوگ اس ریزولیوشن کی مخالفت کر رہے ہیں جس کو ہم نے بڑی محبتوں سے قبول کیا تھا۔ یقیناً جیسے سینیٹ کا کردار ہے اللہ کی بڑی مہربانی تھی ہمارے معزز ممبران کی تین سال کی کارکردگی مثالی ہے اور دنیا کی ترقی یافتہ پارلیمنٹ کی طرح ان کا جو کردار ہے وہ صاف اور واضح ہے کل ہمارے سندھ کے ممبران نے جو تقریر کی یا اس پر بحث کی جیسے وہ اپنے صوبے کی نمائندگی کرتے ہیں اپنے مسائل قوم کے سامنے لے آئے آج یہ بحث کوئی ریزولیوشن پاس کرنے کے لیے نہیں ہے یہ تو فیصلہ ہو چکا ہے کہ وہ اس ملک کے باشندے ہیں ان کو یہاں آنا ہے میں اس مسئلے کو کبھی بھی مسئلہ ہی نہیں سمجھتا کہ وہ یہاں کے باشندے نہیں ہیں مسئلہ تو سندھ کا ہے ان کی مشکلات کا ہے وہاں پر ایک کلاس جو ان سے علیحدہ ہو گئی سندھیوں کو مینارٹی میں تبدیل کرنے کی بات جو اٹھی اس بات پر سوچنا چاہیئے اس قوم نے جس نے محبت سے ہر ایک کو قبول کر لیا سندھ کے کلچر نے پیار و محبت کے سوا کچھ نہیں سکھایا آج سندھ کے نوجوان خاص کر اندرون سندھ جو اپنے آپ کو پرانے آبادکار کہتے ہیں وہ کیوں اس چیز کے خلاف ہو گئے۔ خدا نہ کرے ہم نے پاکستان کو بنتے ہوئے دیکھا ہم نے اپنے لوگوں کی قربانیاں دیں بہت سے لوگ قتل ہوئے میں اس زمانے میں کم عمر تھا

لیکن اس کلاس میں ہوں اس نوجوان نسل میں ہوں جس نے پاکستان کی قربانی کو نہیں دیکھا کبھی بھی یہ نہیں کہہ سکتا کبھی نہیں کہہ سکتا کہ یہاں پشتون سندھی یا پنجابی علیحدہ رہتے ہیں افسوس تو اس بات پر ہوتا ہے۔ ایک معمولی ایکسیڈنٹ پر کچھ شرارت پسند لوگوں نے بہاریوں کے نام پر اٹھ کر پختونوں کا قتل کیا اور پھر پشتونوں نے بہاریوں کو قتل کیا اور اس دن بھی میں اسی طرح چیخ کر بول رہا تھا کیا اس پاکستان کو جس کو اللہ کے نام پر حاصل کیا گیا ہے اس کو آپ نے پشتون پنجابی اور سندھیوں کے نام پر تقسیم کر دیا ہے اور اگر اس طرح تقسیم کرنے کے لئے تیار ہو گئے ہو تو آؤ آج ہی تقسیم کرو ہم پشتون ادھر علیحدہ اور آپ سندھی ادھر علیحدہ خدا کے لئے یہ جو نئی کلاس آپ نکال رہے ہیں یہ نئی قومیت نکال رہے ہیں آپ کہتے ہیں ہمیں jobs نہیں مل رہے ہیں حساب کریں ہم پشتون کبھی بھی نہیں بولے کہ جی آپ کی تعداد کراچی میں فیڈرل محکموں میں زیادہ ہے۔ ہم تو آپ کو پاکستانی سمجھتے ہیں۔ آپ کو کبھی بھی مہاجر نہیں سمجھتے ہیں۔ میں اپنے آپ کو کبھی بھی پشتون نہیں سمجھتا ہوں۔ میں نے اس گروپ کی مخالفت کی جس میں پشتون کے نام سے لیڈر شپ آئی۔ میں ان کی اس بات کی قدر کرتا ہوں انہوں نے آزادی کے لئے قربانی دی لیکن میں کہتا ہوں کہ مجھے اگر دفن ہونا ہے اور میرے بچوں کو دفن ہونا ہے تو پاکستان کے جھنڈے میں ہونا ہوگا اور یہ بھی ہر پاکستانی سے امید رکھتا ہوں پانچویں چھٹی قومیت کے لئے تیار ہو گئے آج جو polarization آئی ہے ہمارے صوبہ سرحد میں۔ میں محسوس کرتا ہوں۔ میں Southern district سے تعلق رکھتا ہوں۔ میرے لوگ یہ محسوس کرتے ہیں کہ ہمارے ساتھ لیفٹ ورواے ظلم کر رہے ہیں۔ جناب والا! ایسے مسئلے بہت ہیں جن کو اس وقت حل کرنا ہے۔ اگر بہاریوں کو لانا ہے تو اس کے ساتھ ہمارے اور مسئلوں کو بھی حل کرنا ہے ورنہ یہ polarization چلتی رہے گی۔

جناب والا! سندھ کے پانی کی تقسیم کی ضرورت ہے۔ یہ فیصلہ بہت ضروری ہے اس بات پر تو میں بحث ہی نہیں کرتا ہوں کہ ہمارے بہاری جو ہیں، جنہیں میں پاکستانی کہتا ہوں ان کو یہاں آنا چاہیئے۔ میں تو اس موقع سے فائدہ اٹھا

[Syed Abbas Shah]

رہا ہوں اور بات کرتا ہوں ان مسائل کی جن کی بنا پر ہم یہ بات کرتے ہیں کہ وہ نہ آئیں ۔۔۔ وہ اس لئے یہ بات کر رہے ہیں کہ ہم مسلمان ہو کر بھی classes میں بٹ گئے ، ہم اب ہندو میں جو کلاس سسٹم ہے اس سے متاثر ہو رہے ہیں ۔۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : شاہ صاحب آپ کا وقت ہو گیا ہے ۔

سید عباس شاہ : جناب والا ! مجھے ایک دو منٹ دے دیجئے ، کیونکہ آج ہی ایک موقع ہے ۔

Mr. Deputy Chairman: You can have your time but address the Chair.

Syed Abbas Shah: Sir, I am tired of looking to the Chair.

Mr. Deputy Chairman: Even of myself.

Syed Abbas Shah: Sir, these Chairs have destroyed this country.

Mr. Deputy Chairman: But it is not one of those Chairs.

I am allergic to the Chairs

سید عباس شاہ :- میں یہی کہنا چاہتا ہوں کہ سندھ کا مسئلہ یقیناً گھمبیر ہے اور سب سے بڑا مسئلہ یہ بھی ہے کہ ہم کراچی جائیں گے ، ہمیں کوئی روک نہیں سکتا ہماری مجبوری ہے ، روزگار صرف کراچی میں ہے ، کون چاہتا ہے کہ نوجوان بیوی کو چھوڑ کر کراچی میں وہ مزدوری کے لئے جائے ۔ اور وہ بھی جائے سوات کی پہاڑی سے ، اور چند دنوں کے بعد ان کی لاشیں گھروں پر آئیں ۔ کون چاہتا ہے یہ ہمارے ملک کے وسائل ہیں ، خدا کے لئے ہمیں دوسرا پورٹ مکران میں دیجئے تاکہ ہم کراچی پر پریشر ختم کریں ۔

بلوچستان ایک کھلا میدان ہے ، وہاں پر ڈویلپمنٹ کے لئے گورنمنٹ کو دیکھنا چاہیئے

ہم آپ کی مخالفت برائے مخالفت نہیں کریں گے ۔ کرسی والو
یاد رکھو، ملک صاحب آپ ہمارے درمیان ہیں آپ یاد رکھیں ، کوئی منسٹر صاحب
موجود نہیں ہیں کہ وہ آپ کو یہ بات سنا سکے کہ ہمیں جو اللہ نے ہمیں موقع دیا ہے، جمہوریت
دی اس سے جناب چیئرمین صاحب ہمیں فائدہ اٹھانا چاہیے ، قوم کے ان مسائل کو حل
کرنا چاہیئے status qo maintain نہیں کرنا چاہیئے ، اگر یہ مسائل ہم نے حل نہ کئے تو خدا نہ
کرے ، اگر ایسا ہوا ، میں کہتا ہوں مجھے تو اس دن سے پہلے موت آجائے جس دن پاکستان
تقسیم ہو۔

ہمیں ان مسائل کا حل سوچنا چاہیئے ، پاکستان کے پاس وسائل بھی
ہیں ۔ دماغ بھی ہے اور بجائے اس کے کہ پارلیمنٹ میں ایک دوسرے کو کتا کہتے رہیں ۔
ہمیں اس غلامی کی ذہنیت سے نکلنا چاہیئے اور میں آپ کی وساطت سے پھر یہ
کوشش کروں گا کہ خاص کر کراچی میں رہنے والوں کے لئے کہ ہمارے لئے یہ مکہ
ہے جیسے کہ ہم حج پر جاتے ہیں تو مختلف قوموں کو ٹریننگ دی جاتی ، حج اس لئے نہیں
ہے جناب والا! کہ ہم بت پرست ہیں اور ایک مکان کے گرد چکر لگائیں ۔ لیکن یہ
آپ یہ دیکھیں کہ اس جگہ میں مختلف قوموں ، مختلف نسلوں ، مختلف رنگوں کے لوگ کس طرح
اکٹھے ہوتے ہیں اور بھائی چارے کی کیسی فضا پیدا ہوتی ہے ۔ کراچی میں بھی یہی چیز ثابت
کرنی چاہیئے ۔

ہم اور آپ ، اگر ووٹ سے جیت کر آئے ہیں تو کراچی میں بھی آپ ممبران صاحبان کو
سب لوگوں نے ووٹ دیا ہے ، جو لوگ کسی قومیت کے نعرے پر آئے ہیں ان سے آج ہم پھر
درخواست کریں گے کہ مل جل کر رہیں اور پاکستان میں صرف مسلمان اور صرف مسلمان کی
قومیت کو ثابت کے لئے آگے آئیں ۔

جناب والا! میں اس موقع پر دوبارہ کہوں گا کہ جو پاکستانی ، بنگلہ دیش میں رکے ہوئے ہیں

[Syed Abbas Shah]

ان کو میرے کچھ دوستوں نے پچھلے سال دیکھا ہیں تو تقریباً ہر سال وہاں پہنچتا ہوں انکی اگر حالت دیکھی جائے تو یہ بیان سے باہر ہے۔ الفاظ آپ کے پاس نہیں ہونگے کہ آپ بیان کر سکیں۔ ان کا اس ملک پر حق ہے۔ پنجاب کے جن لیڈر صاحبان سے ہم نے بات کی ہے وہ اس بات کے لئے تیار ہیں کہ وہ ان کو پنجاب میں آباد کریں۔ سارے صوبہ سرحد کا میں ذمہ نہیں لیتا لیکن اپنے southern district کی طرف آباد کرنے کی آفر میں بھی دیتا ہوں کہ وہ ہماری زمین پر آئیں۔ ان کے لئے ہماری زمین ہر وقت حاضر ہے۔ یہ ایسے ہی ان کی زمین ہے جیسے ہماری ہو۔ لیکن جس وقت وہ اپنے آپ کو ایک کلاس کی شکل میں لائیں گے تو یہ صورت ہمیں کبھی بھی قبول نہیں ہو گی۔ پہچان کے لئے صرف مسلمان ہونا کافی ہے۔ کسی اور نام سے پہچان کرائی گئی تو ہمیں یہ کسی طور پر قبول نہیں ہے شکریہ۔

جناب چیرمین : جناب تالپور صاحب!

میر غلام حیدر تالپور : بسم اللہ الرحمان الرحیم۔ جناب چیرمین صاحب ، سب سے پہلے تو میں آپ کا تہ دل سے شکر گزار ہوں کہ آپ نے مجھے اس اہم موضوع پر بولنے کے لئے وقت فراہم کیا اور اپنے خیالات پیش کرنے کی آپ نے مجھے اجازت دی۔ جناب والا! چونکہ آپ نے وقت کی پابندی لگا دی ہے۔

جناب ڈپٹی چیرمین : نہیں وقت کی پابندی نہیں لگائی۔ آپ کا حق دس منٹ کا ہے اور آپ دس منٹ بول سکتے ہیں۔ کوئی پابندی نہیں لگائی۔

میر غلام حیدر تالپور : میں انشاء اللہ اپنی تقریر to the point کروں گا اور موضوع کے مطابق اور موضوع کے متعلق ہی جو کچھ مجھے کہنا ہے۔ وہ آپ کی خدمت میں اور آپ کی وساطت سے ایوان سے عرض کروں گا۔ موضوع سے ہٹ کر انشاء اللہ کچھ نہیں عرض کرونگا۔

جناب ڈپٹی چیرمین : شکریہ۔

میر غلام حیدر تالپور: اور نہ ہی اس ایوان کا وقت ضائع کروں گا۔ جناب والا! اس اہم موشن کا لب لباب بہاری اور ان کی repatriation ہے۔ اس لئے میں

مودبانہ عرض کروں گا کہ یہ بہاری لوگ جو ہیں، بطور مسلمان تو ہمارے بھائی ہیں
لیکن بطور پاکستانی یہ لوگ ہمارے پاکستان کے شہری نہیں ہیں۔ جس کے لئے وسیلہ، میں
آپ کی خدمت میں The Constitution of Islamic of Pakistan
کا آرٹیکل ۱۵ صفحہ نمبر ۱۴ سے عرض کروں گا۔ کہ میں اسے ریفر کرتا ہوں اور آپ
براہ کرم میرے ساتھ اس کو پڑھیں۔
and it is freedom of movement.

> "Every citizen shall have the right to remain in and subject to any reasonable restriction imposed by law in the public interest enter and move freely throughout Pakistan and to reside and settle in any part thereof".

Now Sir, this matter does not end there. I will humbly submit that in 1974 when the late Zulfiqar Ali Bhutto recognized Bangla Desh, the Beharis ceased to be citizens of Pakistan in 1974 but then again I will submit humbly the ruling of the Sindh High Court which says that Beharis ceased to be citizens of Pakistan right from 1971. Sir, I now produce the ruling of the Sindh High Court. Also I will provide copies of the ruling.

Sir, this is Karachi High Court. M/s United Liner Agencies of Pakistan Limited Karachi versus the Commissioner of Income Tax Central Zone, Karachi. Now, it is IT No. 18, 19, 23 and 97 of 1979, VI of 1980, 15 and 24 of 1981, 45, 46 and 68 of 1982 and 11 and 22 of 1983 decided on 4th November, 1987 Income Tax Act.

Now, Sir it is *defacto* recognition.

Mr. Deputy Chairman: Mr. Behrawar Saeed, no cross talk please.

Mir Ghulam Hyder Talpur: Sir, the recognition of Bangla Desh in 1974 is effective from 1971. Recognition is retro-spective in the sense that the court treats as valid the acts of recognized States or Governments falling back to the commencement of the activities thus recognized.

As regards citizenship I refer the Pakistan Citizenship Act,

[Mir Ghulam Hyder Talpur]

1951. There in I refer to its section 6. It says that the Central Government may, upon his obtaining a certificate of domicile under this Act, register as a citizen of Pakistan by migration any person who after the commencement of this Act and before the first day of January 1952 has migrated to the territories now included in Pakistan from any territory into Indo-Pakistan sub-continent outside those territories with the intention of residing permanently in those territories. Now Sir, through migration the citizenship cannot be established after 1-1-1952 by virtue of this embargo of section 6 of this Citizenship Act, 1951. Furthermore, now these are Sir, the technical points which I have submitted.

اب میں گزارش کروں گا کہ in the month of January ہمارے جو قومی اخبارات ہیں حیدرآباد اور کراچی کے انہوں نے جناب اس مسئلے کو لیا۔ میں دو دو تین تین لائن پیش کروں گا۔ ڈیلی مہران نے ۲۴ جون کو ایڈیٹوریل لکھا کہ کیوں کہ یہاں پر poverty, illiterary, unemployment at the peak ہے اس لئے repatriation of Beharis will aggravate the situation ہلال پاکستان، کراچی نے جناب جنوری ۲۲ کو لکھا کہ بہاریوں کو اگر یہاں سندھ میں لایا گیا تو یہ ہوگا۔ کہ پی پی کی گورنمنٹ اور پیپل آف سندھ کے درمیان غلط فہمی پیدا کرنے کے لئے یہ ایک پلاٹ کے طور پر کام کرے گا ''سندھ نیوز'' نے جناب ۲۳ جنوری میں ایڈیٹوریل لکھا کہ اگر یہ ضروری ہے کہ بہاری ہمارے ملک میں لائے جائیں تو پھر انہیں ڈسٹری بیوٹ کیا جائے دوسری صوبوں میں۔ لیکن میری ذاتی رائے ہے کہ اگر انہیں دوسرے صوبوں میں تقسیم کیا گیا تب بھی وہ سیدھے حیدرآباد یا کراچی چلے آئیں گے۔

(مداخلت)

میر غلام حیدر تالپور: یہ میری ذاتی رائے نہیں ہے یہ رائے ہے ہمارے صوبے کے سندھی غریب، لوگوں کی جن کو ہم اپنی زبان میں سندھی سبھاجڑا کہتے ہیں جن کو شاہ عبداللطیف بھٹائی نے سندھی سبھاجڑا کہا ہے جس کو شاہ لطیف نے کہا ہے۔ کہ ''سندھی ۔۔۔۔۔۔۔ وہ

کہتے ہیں کہ وہ یہاں سیدھے آئیں گے کراچی اور حیدر آباد میں اور جناب ڈیلی آفتاب حیدر آباد نے ایڈیٹوریل اپوز کیا ہے۔ اس کے سامنے مالک ہمارے سینیٹر بھی یہاں ہیں۔ ایڈیٹوریل میں repatriation of Beharis strongly انہوں نے اپوز کیا ہے کہ یہ یہاں نہیں آنے چاہییں، نہیں آنے چاہییں۔

اب میری گزارش صرف یہ ہے کہ یہ جو ہے بڑا اہم ایشو ہے جناب، اس کو اتنا lightly نہیں لینا چاہیے، یہ اتنا اہم ایشو ہے کہ میں اس کے ساتھ ساتھ

میر نبی بخش زہری: پوائنٹ آف آرڈر سر۔

Mr. Deputy Chairman: No point of order. You will get your chance. It has been decided in the House while strictly speaking no point of order will be entertained. Sorry, Sir.

تشریف رکھیے آپ کو موقع ملے گا۔

میر نبی بخش زہری: مجھ سے پہلے فیصلہ ہوا ہے۔ صاحب یہ اہم مسئلہ ہے۔

(مداخلت)

جناب ڈپٹی چیئرمین: آپ کو موقع مل جائے گا۔ ان کو بولنے دیں، تشریف رکھیے آپ۔

میر نبی بخش زہری: نہیں، اڑھائی بجے کو چینج کرو، لوگوں کو موقع دو یہ بڑا اہم مسئلہ ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: زہری صاحب آپ تشریف رکھیں، آپ کو موقع ملے گا۔

Mir Ghulam Hyder Talpur: Sir, Mr. Zehri is unnecessarily creating hurdle in the flow of my speech. I am going fast Sir, like Tofani Express. Now Sir, my most humble submission is that:

[Mir Ghulam Hyder Talpur]

یہ جو مسئلہ ہے یہ ہے سندھیوں اور مہاجرین کے درمیان

Now coming to the real sense of the term

مہاجر ہمارے بھائی ہیں۔ ان کے لئے محبت ہے ہمارے دل میں، ان کے لئے احترام ہے لیکن جناب ان کو ہمارے ساتھ کوئی محبت نہیں ہمارے لئے کوئی احترام نہیں، میں اس ایوان میں بطور نمائندہ صوبہ سندھ خداوند تعالیٰ کو حاضر و ناظر جان کر یہ کہہ رہا ہوں کہ مہاجرین صاحبان کو سندھی آبادی کے لئے کوئی محبت نہیں کوئی احترام نہیں۔ اس کا سبب یہ کہ کراچی میں انہوں نے ڈھونڈ کر سندھیوں کو نکال کر قتل کیا۔ میرے غریب شہر کے قریب ایک چھوٹا سا گاؤں ہے، وہاں کا میرا ایک رشتہ دار بیچارہ ادھر چھوٹی سی نوکری پر تھا اس کو قتل کیا اسکی بیوی کو قتل کیا اسکے نوکر کو قتل کیا۔ کراچی میں جناب، میں جناب اپنے گھر کا واقعہ عرض کر رہا ہوں وہاں پر جناب ۷½ بجے قریب کچھ لوگ آئے اور انہوں نے جو بندوقیں چلائیں اس میں اکیلے مہاجر نہیں مرے، یہ میں قبول کرتا ہوں کہ

majority of the refugee people was massacred, was killed in that.

لیکن جناب اس میں سندھی بھی مرے ہیں پنجابی بھی مرے ہیں پٹھان بھی مرے ہیں اس کی یہ سزا کہ سب سندھیوں کو ڈھونڈ ڈھونڈ کر مارو ان کے بچوں کو مارو یہ تو ناانصافی ہے سراسر ظلم ہے، جناب اب سندھ کی پوری آبادی کو خدشہ ہے کہ بہاری وہاں آئیں گے تو اس کے خلاف ظلم میں اضافہ ہوگا اور یہ مہاجر آبادی کہتی ہے کہ ہماری طاقت بڑھانے کے لئے ہمیں بہاری چاہئیں اب اس کے لئے جناب میں حکومت وقت کو آپکی وساطت سے متنبہ کروں گا کہ اگر بہاری یہاں لائے گئے تو سندھی آبادی کے درمیان احتجاج ہوگا اور یہ ایسے ہوگا کہ سندھی مہاجر کو دیکھے گا تو یہ کہے گا کہ مارو اس کو گولی اور مہاجر سندھی کو دیکھے گا تو کہے گا کہ مارو اس کو گولی، اس حد تک یہ احتجاج ہوگا اور خطرناک حد تک ہمارے سندھ میں مارا ماری ہوگی اور پھر

یہ سلسلہ حکومت کے کنٹرول میں نہیں آ سکے گا۔ یہ الفاظ کہہ کر میں آپ سے اجازت چاہتا ہوں۔

میر نبی بخش زہری : پوائنٹ آف آرڈر۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : زہری صاحب اس ایوان میں پوائنٹس آف آرڈر پر آج کل پابندی لگی ہوئی ہے۔

میر نبی بخش زہری : کون سے رول کے تحت جناب نے پابندی لگائی ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : معزز اراکین نے عارضی طور پر ایسے رول بنا لئے ہیں کہ اگر یہ پوائنٹس آف آرڈر چلتے رہے تو معزز اراکین تقاریر نہیں کر سکیں گے اور ایک دوسرے کے موقف کو سمجھا نہیں جا سکے گا۔

میر نبی بخش زہری : جناب ! اس وقت تو کوئی تقریر نہیں کر رہا، وہ اس وقت پابندی ہے جب کوئی تقریر کر رہا ہو۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : آپ تشریف رکھیں آپ کی باری آ رہی ہے۔

میر نبی بخش زہری : بات یہ ہے کہ اڑھائی بجے کا وقت جناب نے رکھا ہے، یہ صحیح نہیں ہے۔ ممبران کی اکثریت کہہ رہی ہے کہ یہ وقت ٹھیک نہیں ہے، بلکہ کل پر رکھو یہ اہم معاملہ ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : زہری صاحب آپ تو ابھی تشریف لائے ہیں، آپ تو نہیں تھکے، آپ تشریف رکھیں جب تک ہاؤس چلتا ہے چلاتے ہیں اگر تقاریر ختم نہ ہوئیں۔ تو کل پر رکھ دیں گے امیر عبداللہ روکڑی صاحب۔

خان امیر عبداللہ خان روکڑی : جناب والا ! میں آپ کا بے حد مشکور ہوں کہ آپ نے مجھے موقع دیا ہے میں اتنا عرض کروں گا کہ بہاریوں کا مسئلہ صرف سندھ صوبے کے لئے نہیں ہے بلکہ یہ سارے پاکستان کے لئے ہے میں سمجھتا ہوں کہ بہاریوں نے صرف پاکستان کے لئے چھوڑا تھا۔ اب مجھے کوئی وجہ نظر نہیں آتی کہ انکو پاکستان

[Amir Abdullah Khan Rokri]

آنے سے روکا جائے اگر میرے سندھی بھائی ان کو پسند نہیں کرتے تو ان کو میانوالی میں آباد کر دیا جائے میں ان کو قبول کرنے کے لئے تیار ہوں ۔ جناب والا! میں یہ بھی پیش کش کر رہا ہوں کہ جتنی میری زمین ہے ساری ان بہاریوں کے درمیان تقسیم کر دی جائے لیکن ان کو اس بیکسی کے عالم میں نہ چھوڑا جائے جہاں وہ مر رہے ہیں جہاں ان کو پوچھنے والا کوئی نہیں ہے ان کا گناہ صرف یہ ہے کہ انہوں نے پاکستان کے لئے بہار کو چھوڑا انہوں نے بنگلہ دیش کے لئے بہار کو نہیں چھوڑا آج ان کی حالت یہ ہے کہ کچھ عرصہ پہلے بھٹو صاحب کے زمانے میں گجرات کے قریب ان کے لئے ایک بستی بھی بنائی گئی تھی اور بھی بہت سی جگہوں پہ اراضی requisition کی گئی تھی ان کے لئے بستیاں بسانے کا پروگرام تھا کہ وہاں ان کو آباد کیا جائے میں عرض کرتا ہوں کہ ان کو بے شک سندھ میں آباد نہ کیا جائے... کیونکہ یہ جرم ان بہاریوں نے نہیں کیا یہ ہمارے ملک کے اندر وہ لوگ جنہوں نے پانچویں قومیت کا نعرہ لگایا انہوں نے بہاریوں کی بھی تباہی کی اور مہاجرین اور مقامی لوگوں کا ایک مسئلہ ملک کے اندر پیدا کر دیا میں سمجھتا ہوں کہ انہوں نے تمام پاکستان کے ساتھ زیادتی کی ہے کیونکہ اس ملک کے اندر ایک ہی قوم ہے جس کو پاکستانی کہتے ہیں اس کے علاوہ میں کسی چیز میں یقین نہیں رکھتا میں چار قومیتوں کو تسلیم نہیں کرتا یہ پانچویں قومیت کہاں سے آ گئی مجھے یہ بات ابھی تک سمجھ نہیں آئی اس لئے جناب والا! میں عرض کروں گا کہ مہربانی کر کے ان کو یہاں پاکستان میں لانے کی اجازت دی جائے اور مہربانی کر کے ان کو سندھ میں آباد نہ کیا جائے بلکہ پنجاب کے جس علاقے کو وہ پسند کریں ان کو وہاں آباد کیا جائے، ورنہ میانوالی حاضر ہے اور میں یقین دلاتا ہوں کہ میانوالی کے عوام انشاء اللہ تعالیٰ میری تائید کریں گے اس کے بعد میں اپنی تقریر ختم کرتا ہوں تاکہ کسی اور دوست کو بھی موقع مل سکے

جناب ڈپٹی چیئرمین: شکریہ جناب! جناب شاد محمد خان صاحب۔

جناب شاد محمد خان: جناب چیئرمین صاحب! میں مختصر وقت میں اظہار خیال کروں گا۔ حضور والا! جب پاکستان معرض وجود میں آیا تو اس کے ایک حصے کا نام مشرقی پاکستان رکھا گیا

اور دوسرے حصے کا نام مغربی پاکستان رکھا گیا۔ اس وقت برصغیر ہند میں مسلمانوں کی کل آبادی دس کروڑ کے لگ بھگ تھی مشرقی پاکستان کے حصے میں چار کروڑ آئے مغربی پاکستان کے حصے میں تین کروڑ آئے اور ہندوستان میں جو رہے وہ تقریباً تین کروڑ تھے حضور والا! اس وقت Agreed and non-Area کی تقسیم کی گئی اور یوپی جو نان اگریڈ میں تھا وہاں سے بھی لوگ جوق در جوق اور مشرقی پنجاب سے دہلی تک ہجرت کرنے والے یہ سارے لوگ مغربی پاکستان میں آباد ہوئے اور پھر بہاریوں نے اپنی منشاء اور خواہش کے مطابق مشرقی پاکستان کو پسند کیا۔ حضور والا! تقریباً چالیس سال کا عرصہ اب تک گزر چکا ہے۔ معلوم نہیں کس بناء پر دوبارہ یہ بات اٹھائی جا رہی ہے اور کس نے ان سے جا کر option لی ہے کہ وہ دوبارہ دیں کہ وہ پاکستان میں آباد ہونا چاہتے ہیں یا بنگلہ دیش میں۔ بنگلہ دیش اب بھی مسلمان ملک ہے اور ہم یہ درخواست کریں گے۔ حکومت وقت سے کہ اگر کراچی میں ناجائز ذرائع سے چوری چھپے چار پانچ لاکھ بنگالی آ چکے ہیں تو ان کا سروے کیا جائے اور ان بنگالیوں کو مجبور کیا جائے کہ وہ اس ملک کو چھوڑ دیں پھر تو بات ہو سکتی ہے کہ ہم اڑھائی لاکھ بہاریوں کو قبول کریں۔ ورنہ اگر اس اس چیز کو آپ اٹھائیں گے تو کل خدانخواستہ ہندوستان میں اگر گڑبڑ پیدا ہو جائے اور ہندوستان میں بھی یہی بات اٹھ کھڑی ہو کہ ہم پاکستان جانا چاہتے ہیں کیا یہ حکومت یا کوئی بھی حکومت یہ قبول کر سکے گی کہ وہ لوگ بھی آ کر کے اس ملک پر بوجھ بنیں ہماری رواداری کا سے یہ بات اجاگر کی جاتی ہے کہ آپ نے ۲۵ لاکھ آدمیوں کو پناہ دے ہوئی ہے۔ جناب والا! وہ مسئلہ کسی اور نوعیت کا ہے وہ اسلامی رواداری کی نوعیت کا ہے وہ مجبوری کی نوعیت کا ہے۔ لہٰذا مزید لوگ اگر یہاں آئیں گے تو پاکستان مزید انتشار کا شکار ہو گا میں یہاں یہ واضح کروں گا کہ اس پانچویں قومیت کے نعرہ میں، اگر یہ بہاری آ جائیں تو کیا آپ یہ توقع کر سکتے ہیں کہ (یہ بہاری) اس میں اضافہ نہیں کریں گے یقیناً وہ اضافہ کریں گے اور سندھ

[Shad Muhammad Khan]

کے لئے اور کراچی کے لئے پریشانی کا باعث ہوگا۔

حضور والا! یہ بات اگر سوچ سمجھ کر کی جائے تو میں حکومت سے عرض کروں گا کہ سخت لیجیلیشن کرے تاکہ اس پانچویں قومیت کے نعرے کا سدباب ہو سکے اور کوئی بھی اس پاکستان میں اپنے آپ کو مہاجر کہلانے کا اہل نہ ہو اگر پنجاب میں مہاجر اپنے آپ کو پنجابی کہہ سکتا ہے، صوبہ سرحد میں سرحدی کہہ سکتا ہے تو سندھ میں یہ لوگ کیوں مہاجر کا نعرہ لگا کر، پانچویں قومیت کا نعرہ لگا کر، انتشار پیدا کر رہے ہیں اور امن کو تہہ و بالا کر رہے ہیں مجھے یہ بھی پر خاش ہے کہ اس پانچویں قومیت کے نعرے میں کچھ لوگوں کے مطابق جی ایم سید کا بھی ہاتھ ہے اور ممکن ہے کہ ہندوستان کی شہہ پر یہ بات ہوئی ہو لہذا یہ خدشات بڑھیں گے اور مجھے ڈر ہے کہ کہیں کل کراچی کی جدائی کا سامنا نہ کرنا پڑے اور یہ مہاجر قومی موومنٹ اس طاقت میں نہ آجائے کہ وہ کراچی کو علیحدہ کر کے حیدرآباد تک کے علاقے کو اپنی لپیٹ میں لے لے اور سندھ کی پریشانی میں اضافہ ہو۔ حضور والا! کوئی حد ہونی چاہیئے۔ کسی چیز کی کوئی پابندی ہونی چاہیئے، کوئی کارروائی ہونی چاہیئے اگر یہ بات ہو سکتی ہے کہ سندھیوں کی ہر قسم کی نہ واداری کی جائے گی تو میں کراچی کئی دفعہ گیا ہوں جہاں کہیں سے شرارت اٹھتی ہے فساد اٹھتا ہے تو اس میں ہماری پہلے پہل سامنے ہوتا ہے اور پریشانی کا باعث بنتا ہے، آگ لگائی جاتی ہے وہ تو اور کسی کام کے نہیں ہیں کوے کی طرح اکٹھے ہو کر شور مچانے کے قائل ہیں اور وہ پریشانی کا باعث پٹھانوں کے لئے بھی ہیں سندھیوں کے لئے بھی ہیں پنجابیوں کے لئے بھی ہیں۔ لہذا اس کا تدارک ضرور کرنا چاہیئے، اور اس وطن پر مزید بوجھ نہیں ڈالنا چاہیئے شکریہ!

جناب ڈپٹی چیئرمین: شکریہ جناب، محترمہ ڈاکٹر نور جہاں پانیزئی صاحبہ۔

ڈاکٹر نور جہاں پانیزئی: شکریہ جناب چیئرمین، اس مسئلے پر بہت کچھ کہا گیا، کچھ اس کے حق میں اور کچھ اس کی مخالفت میں، جناب اس میں شک نہیں ہے کہ وہاں جو محصور بہاری رہے ہیں۔ وہ اس قدر خراب حالات میں رہ رہے ہیں کہ ان کے حالات

دیکھ کر کوئی بھی انسان ان سے ہمدردی کئے بغیر یا ان کے لئے سوچے بغیر نہیں رہ سکتا۔ مگر ہمیں اس بات پر بھی بہت سوچ بچار کرنا چاہیئے کہ ان کو پاکستان لانے میں جناب یہ بتائیں کہ سندھ میں ان کے لانے کے خلاف اتنی ناراضگی اور خفگی کیوں ہے؟ یقیناً اس کی کوئی بہت بڑی وجہ ہے ورنہ جب ۴۲ سال تک سندھی بھائیوں نے پاکستان بننے سے لیکر ابھی تک کسی مہاجر کے خلاف کچھ نہیں کیا ان کے خلاف نہیں تھے اور نہ ہیں۔ مگر اب ان کی مخالفت کی ضرور کوئی وجہ ہے۔ میرے خیال میں کراچی میں آباد مہاجروں کا پچھلے تین چار سال میں جو negative attitude رہا ہے اور انہوں نے جو ظلم و تشدد کا رویہ اختیار کیا ہے اور اپنی پانچویں قوم کی ڈیمانڈ کر رہے ہیں تو اس میں میرے سندھی بھائی قصوروار نہیں ہیں اور ان کی بجائے کوئی اور صوبہ بھی ہوتا تو ان کا رویہ یہی ہوتا۔ اس میں شک نہیں ہے کہ یہ قوم کے لئے بڑا سنگین مسئلہ ہے اور اس مسئلے کی اہمیت کا مجھے بھی اور پوری قوم کو اندازہ ہے اور وہاں کے رہنے والوں کے جو حالات ہیں وہ اس قدر ہیں جیسے میرے معزز ساتھی مظہر علی صاحب نے فرمایا کہ وہ کیڑوں مکوڑوں کی طرح رہتے ہیں۔ اور مجھے بھی موقع ملا ہے کہ میں وہاں کیمپ میں جا کر ان سے ملوں۔ وہاں بہت سے لوگوں سے میری ملاقات ہوئی اور بات چیت ہوئی ہے۔ انہوں نے مجھے یقین دلایا کہ ہم جوش کے ساتھ ہوش میں بھی ہیں اور ہم تشدد پر یقین نہیں رکھتے۔ لیکن مجھے بڑا افسوس ہے کہ میں ان کے جینوا کیمپ کے رابطے کے دفتر میں گئی تو وہاں پر میں نے قومی مہاجر موومنٹ کے لیڈر الطاف حسین کی ایک بڑی تصویر لگی ہوئی دیکھی۔ اس پر بہت بڑا 'مہاجر' لکھا ہوا تھا جناب اس ملک نے لاکھوں ہزاروں مہاجرین کو جن کا تعلق بنگال، برما، ویت نام، ایران اور افغانستان سے ہے، غیر قانونی طور پر پاکستان میں داخل ہونے کے باوجود بھی رکھا ہوا ہے تو پاکستان کو ان بہاریوں کو یہاں لانے میں کیا اعتراض ہو سکتا ہے۔ مگر یقیناً کراچی میں پچھلے چند سالوں سے جو کچھ ہوا ہے اس کو اور بڑھانے کے حق میں نہ میں ہوں اور نہ ہی یقیناً میرے سندھی بھائی ہیں اس میں شک نہیں ہے کہ پاکستان کی تخلیق مسلمانوں کے لئے ایک ہوم لینڈ کی حیثیت سے نقشے پر ابھری ہے مگر اس میں مسلمانوں کا رویہ

[Dr. Noor Jehan Panezai]

ایک دوسرے کے ساتھ بھائی چارے کا ہونا چاہیے۔ میں اپنے معزز ممبر جناب میر ہزار خان بجارانی صاحب سے پوری طرح اتفاق کرتی ہوں۔ انہوں نے کہا کہ وہ یہاں آنے کے بعد اپنے آپ کو مہاجر کیوں کہتے ہیں اگر انہوں نے پاکستان کے لئے اپنی جانیں دی ہیں تو وہ اپنے آپ کو پاکستانی کہلائیں۔ جب میرے معزز ساتھی جناب طارق چوہدری صاحب نے بھی جو فرمایا ہے اگر وہ اپنے آپ کو پاکستانی کہتے ہیں، تو پھر وہ بہاری نہ کہلائیں یا مہاجر نہ کہلائیں وہ پھر اپنے آپ کو پاکستانی کہلائیں اور یقیناً انکو لانے پر اس وقت کوئی اعتراض نہیں ہوگا۔ اگر انہیں کراچی کے بجائے کہیں اور آباد کر دیا جائے لیکن میں اپنے صوبے بلوچستان کی طرف سے یہ کہنا چاہتی ہوں وہاں تو پہلے ہی دس لاکھ افغان مہاجرین ہیں اور وہاں پر job opportunity کے وسائل اتنے محدود ہیں کہ وہاں کے لوگ بھی اس سے استفادہ پورے طور پر نہیں کر سکتے۔ وہاں گرانی اور حبس میں بھی وہاں کے لوگوں کو نہیں ہیں۔ پاکستان بننے کے بعد بلوچستان کے لوگوں نے کبھی باہر کے لوگوں کو آباد کرنے پر اعتراض نہیں کیا لیکن پچھلے ۴۱ سال میں بلوچستان کے ساتھ جو ناانصافیاں ہوئی ہیں وہ پوری قوم کے سامنے ہیں لیکن میں پچھلی حکومت کی مشکور ہیں جس نے بلوچستان کے لوگوں کی تھوڑی سی identification پورے ملک میں کروا دی ہے۔

اب میں ایک اور بات کہنا چاہتی ہوں ہم یہ نہیں چاہتے کہ وہ throughout اسی condition میں رہیں جیسے میرے معزز ساتھی طارق چوہدری صاحب نے فرمایا اگر وہ انہیں فیصل آباد میں آباد کرنے کے لئے تیار ہیں تو سب سے پہلے میں ان کا ساتھ دینے کے لئے تیار ہوں۔ لیکن پہلے ان کی repatriation کا انتظام ضرور ہونا چاہیے اس معاملے میں ہمیں کوئی پرابلم ہے تو پاکستان خود بھی ایک پارٹی بن کر ان کو internationally دلا دے کم از کم انکو اس miserable condition سے تو نکال دیا جائے تاکہ وہ دنیا کے کسی حصے میں بھی جا کر اپنے لئے روزی کما سکیں۔ یہاں لانے میں پاکستان کی گورنمنٹ یا عوام کو کوئی اعتراض نہیں ہے جیسے میں

پہلے عرض کر چکی ہوں لیکن یہاں پہلے ہی آباد جو مہاجر ہیں ان لوگوں کا رد یہ جو کراچی حیدرآباد اور سکھر میں رہا ہے اس کے پیش نظر دوسرے صوبوں کا کوئی آدمی وہاں نہیں رہ سکتا یہ ہماری پانچویں قوم کا علاقہ ہے۔ اس کے لئے ہم تیار ہیں نہ کوئی دوسری قوم تیار ہو سکتی ہے۔ مگر بطور مسلمان اور انسانی ہمدردی کے پیش نظر یہ ضرور کہوں گی کہ ان کا مسئلہ حل کرنے کے لئے ہمیں پوری طرح اتفاق کرنا چاہیئے۔ اور internationally دوسرے اداروں پر ہمیں زور دینا چاہیے کہ ان کے مسئلے کو حل کر دیا جائے۔ شکریہ!

جناب ڈپٹی چیئرمین: شکریہ! سید اصغر علی شاہ صاحب۔

جناب اصغر علی شاہ: جناب چیئرمین! اس تحریک کے متعلق اس کے محرکین سینیٹر اعجاز علی خان جتوئی۔ میر ہزار خان بجرانی اور قاضی مجید صاحب نے اس کے حق میں جو دلائل پیش کئے ہیں۔ ان کی تائید کرتا ہوا، رجناب والا! جذباتی باتیں کر کے اور بہاریوں کی حالت زار کا ذکر کر کے مسئلہ حل نہیں کیا جا سکتا۔ دراصل بات وسائل کی ہے ہمارے ہزاروں پڑھے لکھے نوجوان بے روزگار ہیں طبی سہولتوں کا فقدان ہے۔ پینے کا صاف پانی مہیا نہیں ہے۔ لوگوں کو اپنے ہی صوبے میں اپنے ہی ملک میں بنیادی ضرورتیں مہیا نہیں کی جا سکتیں۔ اسکی وجہ سے لوگوں میں frustration پیدا ہوتی ہے اور اس کی وجہ سے نفرتیں اور رنجشیں جنم لیتی ہیں۔ اور یہی وجہ ہے کہ کوئی چھوٹے سے چھوٹا مسئلہ ہوتا ہے تو وہ بھائی جو چالیس سال سے ایک دوسرے کے ساتھ رہ رہے ہیں، وہ ایک دوسرے کے خون کے پیاسے ہو جاتے ہیں۔ رجناب والا! اس کی وجہ سے ملک کی یک جہتی کو نقصان ہو رہا ہے۔ یہ بات اتنی آسان نہیں ہے کہ ایک صوبے میں آگ لگی ہو اور دوسرے صوبے میں اس کا اثر نہ ہو بجائے اس کے کہ ہم یہ سوچیں کہ جو موجودہ لوگ رہ رہے ہیں جو یہاں کے باشندے ہیں ان کے مسائل حل کریں ان کی رنجشیں دور کریں ان کی نفرتوں کو دور کریں۔ ہم اور باہر سے بہاری لا کر ان کے مسائل میں اضافہ کریں گے۔

جناب والا! میرے بہت سارے دوستوں نے کہا ہے کہ فیصل آباد میں آباد کر دیں گے، کوئی کہتا ہے کہ بلوچستان میں آ جائیں۔ جناب والا! ایک دفعہ جب آپ ان کو شہریت دیتے ہیں تو وہ کون سا قانون ہے۔ مجھے بتلایا جائے کہ وہ کون سا قانون ہے،

جناب والا! مجھے اس بات پر بڑا تعجب ہے اور میں اسکو ایک دوسرے سے بھی دیکھتا ہوں۔ جب بھی کوئی جمہوری نظام اس ملک میں آتا ہے تو اچانک یہ متنازعہ مسائل کھڑے ہو جاتے ہیں آٹھ سال کے مارشل لاء کے دور میں اس مسئلے کو حل کیوں نہیں کیا۔ کیوں نہیں اس پر عمل کیا، وہاں تو چیف مارشل لاء ایڈمنسٹر اپنے قلم کی ایک جنبش سے آئین میں ترمیم کر سکتے تھے لوگوں کو سزائیں دے سکتے تھے کیوں نہیں اس پر عمل کیا گیا، میں تو سمجھتا ہوں کہ یہ بات جمہوریت کے خلاف کی جا رہی ہے تاکہ لوگ آپس میں لڑیں اور پھر کوئی طالع آزما حالات کی آڑ لے کر اس ملک کی مسند اقتدار پر بیٹھ جائے۔

جناب والا! میں نومبر کے الیکشن کا ذکر کرنا چاہوں گا۔ اس میں پیپلز پارٹی کے چاروں صوبوں میں نمائندے منتخب ہوئے، لیکن جس بھاری اکثریت سے سندھ کے لوگوں نے اس پارٹی کو سپورٹ کیا ہے وہ آپ کے سامنے ہے۔ اور اگر کوئی کہتا ہے کہ یہ ووٹ سندھ کے لوگوں نے کسی عصبیت کی بنیاد پر دیئے میں تو کہتا ہوں کہ بات بالکل غلط ہے۔ انہوں نے ووٹ اس لئے دیئے کہ وہ وفاق کے اندر رہتے ہوئے وفاق کو مضبوط کرتے ہوئے اپنے مسائل کا حل چاہتے ہیں۔ ان میں کالا باغ ڈیم کا مسئلہ اور بہاریوں کی آمد کا مسئلہ سر فہرست ہے۔ مجھے امید ہے کہ یہ جمہوری حکومت اس کے متعلق کوئی فیصلہ کرتے وقت اس چیز کو مدنظر رکھے گی اور کوئی ایسا فیصلہ وقتی مصلحتوں کے تحت مسلط نہیں کیا جائے گا جو کہ سندھ کی اکثریت کے جزبات کے منافی ہو۔

جناب والا! میں یہاں یہ عرض بھی کرنا چاہوں گا۔ کہ یہ ہم سب کا معاملہ ہے یہ صرف حزب اقتدار اور حزب اختلاف کا معاملہ نہیں ہے۔ کیوں کہ ہم سب یہ چاہتے ہیں کہ اس ملک میں جمہوریت مضبوط ہو، مستحکم ہو، اس کے لئے ہم ایک دوسرے کے ساتھ چل سکتے ہیں۔ اس میں ہم سب کا مفاد ہے،

بلکہ جناب والا! میرا تو یہ ایمان ہے کہ یہ ملک اور صرف اور صرف جمہوری طریقے سے قائم رہ سکتا ہے ورنہ یہ ملک قائم نہیں رہ سکتا۔

میں یہاں وزیر اعظم صاحبہ کو جن کا میں بہت احترام کرتا ہوں ۱۹۵۵ء کا ایک واقعہ یاد دلانا چاہتا ہوں کہ اس وقت جب چاروں صوبوں کو اکٹھا کر کے ون یونٹ بنایا گیا تھا، اس وقت سندھ کے وزیر اعلیٰ کا تعلق ضلع لاڑکانہ سے تھا اور حسن اتفاق ہے کہ موجودہ وزیر اعظم کا تعلق بھی اسی ضلع سے ہے انہیں اس بات کا بخوبی علم ہوگا کہ اتنا عرصہ گزر جانے کے باوجود جبکہ وہ وزیر اعلیٰ اب زندہ نہیں ہیں، اس دنیا میں نہیں ہیں سندھ کے لوگوں نے انکی اس غلطی کو معاف نہیں کیا۔ اس لئے کوئی بھی فیصلہ کرتے وقت انکے جذبات اور احساسات کا خیال رکھنا چاہیئے۔

[Mr. Asghar Ali Shah]

جس کے تحت آپ ان کو روکیں گے کہ وہاں سے آپ کراچی نہ جائیں وہ وہاں آئیں گے۔ کیونکہ ان کا مقصد یہی ہے کہ سندھیوں کو اقلیت میں تبدیل کرنا ہے اس لئے ہم اس کی شدید مخالفت کرتے ہیں ہم سندھی جو ہیں، مقامی لوگ ہیں۔ جیسے میرے دوست نے کل بتایا کہ ہماری آبادی اب ۵۱ فیصد ہے۔ تو ہم اسمبلیوں کے اندر بھی اور اسمبلی سے باہر بھی اس کی مزاحمت کریں گے۔ ہمارا تعلق چاہے کسی بھی سیاسی پارٹی سے ہو، ہمارا تعلق معاشرے کے کسی بھی طبقہ سے ہو، زمیندار ہو، کسان ہو، مزدور ہو، یا ملازمت پیشہ افراد ہوں ہم سب اس بات پر متفق ہیں اور میں اپنے دوسرے بھائیوں کو، دوسرے صوبوں کے بھائیوں کو بھی یہ عرض کروں گا کہ خدارا، ہمارے اس مسئلے کو سمجھنے کی بھی کوشش کریں اور ہمیں ایسی کوئی چیز نہیں کرنی چاہیئے جس سے کہ تلخیاں بڑھیں اور اس کے نتیجے میں ہمارے ملک کی یک جہتی کو کوئی نقصان ہو، ہم فیڈریشن میں رہنا چاہتے ہیں ہم اس ملک میں رہنا چاہتے ہیں اس ملک کو خوشحال بنانا چاہتے

ہیں لیکن آپ کو بھی ہمارے جذبات اور ہمارے احساسات کا خیال رکھنا چاہیئے، شکریہ جناب چیئرمین ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : پروفیسر صاحب، میرا خیال ہے کہ ابھی کچھ اور حضرات بھی بولنے والے ہیں، آپ لوگوں کو بھی شاید زیادہ ٹائم درکار ہوگا، اس لئے اس وقت ہاؤس کو adjourn کرتے ہیں۔ اس بحث کو کل دوبارہ شروع کریں گے۔

The House is adjourned to meet tomorrow at 10.00 a.m.

[The House adjourned to meet again at ten of the clock in the morning on Thursday, February 16, 1989].

PCPPK–Litho/2755(88-89) Senate–6-6-1991–300.